**SET-4**

**Series BVM**

کوڈنمبر **Code No. 30**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **11** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **11** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **11** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

وقت : ۳ گھنٹے    کل نمبر: ۱۰۰

*Time allowed : 3 hours*    *Maximum Marks : 100*

1۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے ۔ 10

(الف)

"لیکن خوجی، آزاد کا ایک بگڑا ہوا خاکہ ہونے کے باوجود، اپنی ہستی ہم سے منوا لیتا ہے اور سنجیدگی کی دنیا سے باہر نکل کر ہم سے سنجیدہ تنقید کے سارے حربے چھین لیتا ہے۔ لاابالی پن کے باوجود اس میں ایک تسلسل ہے۔ اس کی افیون کی ڈبیا، اس کے چند زبان زد فقرے، قرولی کی ہر قدم پر یاد، آزاد سے محبت، پانی سے خوف، اپنی کمزوریوں اور غلطیوں سے بے خبر ہونا، اپنے کو حسین اور خوب صورت سمجھنا، اکڑ۔ غصّہ۔ یہ سب اور ایسی دوسری بہت سی باتیں ہندوستان اور ہندوستان کے باہر اس کے ہر عمل اور فعل سے ظاہر ہوتی ہیں۔ کوئی شخص اس سے سنجیدگی سے بات کرنا چاہتا ہے، وہ اپنی نفسی کجروی کی وجہ سے یہی سمجھتا ہے کہ اس کا مذاق اُڑا رہا ہے۔ کوئی عورت اس کا قد اور چہرہ دیکھ کر ہنستی ہے۔ تو وہ سمجھتا ہے کہ اس کی تیز نگاہ سے گھائل ہو گئی ۔"

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) خوجی کس کا بگڑا ہوا خاکہ ہے ؟

(iii) خوجی کے کردار میں لا اُبالی پن کے ساتھ اور کیا کیا پایا جاتا ہے ؟

(iv) خوجی ہر قدم پر قرولی کو کس طرح یاد کرتا ہے ؟

(v) خوجی خود کو یعنی اپنے آپ کو کیا سمجھتا ہے۔؟

(ب)

"سنو! یہ شاید ہماری زندگی کی آخری فصل ہے۔ابھی تھل کھیت سے کچھ دوری پر ہے۔میں تمھیں نصیحت کرتا ہوں، اپنی فصل کی حفاظت کے لیے پھر کبھی بجوکا نہ بنانا۔اگلے برس جب ہل چلیں گے۔بیج بویا جائے گا اور بارش کا امرت کھیت میں سے کونپلوں کو جنم دے گا۔تو مجھے ایک بانس پر باندھ کر کھیت میں کھڑا کر دینا۔بجوکا کی جگہ پر۔میں تب تک تمہاری فصلوں کی حفاظت کروں گا۔جب تک تھل آگے بڑھ کر کھیت کی مٹی کو نگل نہیں لے گا۔اور تمہارے کھیتوں کی مٹی بُھر بُھری نہیں ہو جائے گی۔مجھے وہاں سے ہٹانا نہیں۔وہیں رہنے دینا۔تا کہ جب لوگ دیکھیں تو انھیں یاد آئے کہ بجوکا نہیں بنانا۔کہ بجوکا بے جان نہیں ہوتا۔آپ سے آپ اسے زندگی مل جاتی ہے اور اس کا وجود اُسے درانتی تھما دیتا ہے اور اُس کا فصل کی ایک چوتھائی پر حق ہو جاتا ہے۔"

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) بجوکا کسے کہتے ہیں ؟

(iii) ہوری نے اپنے گھر والوں کو کیا نصیحت کی تھی ؟

(iv) ہوری نے یہ بات کیوں کہی کہ مجھے وہاں سے ہٹانا نہیں وہیں رہنے دینا ؟

(v) بجوکا بے جان نہیں ہوتا، وضاحت کیجیے ؟

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا سو (۱۰۰) الفاظ میں جواب لکھیے۔ 5

(i) غالبؔ نے مراسلے کو مکالمہ بنا دیا۔ تبصرہ کیجیے۔

(ii) ایک اچھے سفرنامے میں ہم کیا کیا خوبیاں تلاش کرتے ہیں؟۔ بیان کیجیے۔

3۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 10

(i) افسانہ ”لمحے“ میں بس کے مسافروں کے بارے میں افسانہ نگار نے جو تفصیل پیش کی ہے۔ اسے اپنے لفظوں میں بیان کیجیے۔

(ii) افسانے کا عنوان ”میں، وہ“ کیوں رکھا گیا ہے۔؟ پانچ جملوں میں لکھیے۔

(iii) رپورتاژ ”پودے“ میں ڈاکٹر عبدالعلیم کے کردار کی کیا خصوصیات بیان کی گئی ہیں؟

(iv) پیروڈی کے فن پر کلیم الدین احمد کے خیالات کیا ہیں؟

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 10

(الف)

خود رفتگیِ شب کا مزا بھولتا نہیں
آئے ہیں آج آپ میں یارب کہاں سے ہم

ہاتھ سے کس نے ساغر پٹکا موسم کی بے کیفی پر
اتنا برسا ٹوٹ کے پانی ڈوب چلا مے خانہ بھی

منزلِ عشق میں یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم
مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردِ سفر بھی ہوگی

ہم کو گزری ہوئی صدیاں تو نہ پہچانیں گی
آنے والے کسی لمحے کو صدا دی جائے

عجب نظارا تھا بستی کا اس کنارے پر
سبھی بچھڑ گئے دریا سے پار اترتے ہوئے

(i) ''خودرفتگیِ شب'' اور ''آپ میں آنا'' کی وضاحت کیجیے۔

(ii) موسم کی بے کیفی پر کیا واقعہ پیش آیا ؟

(iii) 'منزلِ عشق پر یاد آئیں گے' سے شاعر کا کیا مطلب ہے ؟

(iv) شاعر آنے والے لمحے کو صدا دینے کی بات کیوں کہہ رہا ہے ؟

(v) شاعر نے بستی کے اس کنارے پر کیا عجب نظارا پیش کیا ہے

(ب)

فصل کے ساتھ ساتھ کھیتوں میں

اگ رہی ہے بغاوتوں کی سپاہ

جگمگاتی ہے عدل کی شمشیر

مل سکے گی نہ ظالموں کو پناہ

کارخانوں کے آہنی دل سے
ایک سیلاب سا اُبلتا ہے
سرخ پرچم ہوا کے سینے پر
بن کے رنگِ شفق مچلتا ہے

(i) درج بالا اشعار کس نظم کے ہیں ؟ اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(ii) کھیتوں سے بغاوتوں کی سپاہ اُگنے سے کیا مراد ہے ؟

(iii) عدل کی شمشیر جگمگانے سے کیا ہوگا ؟

(iv) ''کارخانوں کے آہنی دل سے سیلاب اُبلنے'' کا کیا مطلب ہے ؟

(v) سرخ پرچم کس بات کی علامت ہے ؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا سو (۱۰۰) الفاظ میں جواب لکھیے۔ 5

(i) نظم ''گورِ غریباں'' میں شاعر کیا پیغام دینا چاہتا ہے ؟

(ii) نظم 'روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے' کا مرکزی خیال لکھیے۔

**6۔** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ *5+5=10*

(i) جمیل مظہری کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔

(ii) الطاف حسین حالی کی غزل گوئی کے امتیازات بیان کیجیے۔

(iii) نظم کا عنوان ''یادنگر''، نظم کے لیے کتنا موزوں ہے؟

(iv) نظم ''ملکِ بے سحر و شام'' کی روشنی میں بتائیے کہ شاعر اپنی ماضی کی صبح و شام کو کیوں یاد کر رہا ہے؟

**7۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (۱۰۰) الفاظ میں لکھیے۔ *4*

(i) ''جنم دن'' افسانے کے مرکزی کردار کی معاشی تنگدستی کا حال لکھیے۔

(ii) ڈراما ''یہودی کی لڑکی'' کا کون سا کردار آپ کو پسند ہے اور کیوں؟ لکھیے۔

**8۔** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ *6*

(i) افسانہ ''جلتی جھاڑی'' میں جزیرے کے کنارے اور پل کے ساتھ غروبِ آفتاب کے جو مناظر مصنف نے پیش کیے ہیں۔ ان کو بیان کیجیے۔

(ii) چیرویا کوف کی موت کا سبب کیا ہے۔ وضاحت کیجیے۔

(iii) ناول ''بیوہ'' کے ذریعہ پریم چند کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟ لکھیے ۔

(iv) مصنف نے بائیسکل کو دریا میں کیوں پھینک دیا ؟

**9۔** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ *20*

(i) اُردو زبان کے آغاز و ارتقا پر نوٹ لکھیے۔

(ii) میؔر اور غالبؔ کے حوالے سے دبستانِ دہلی کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔

(iii) انیسؔ اور نسیمؔ کے حوالے سے دبستانِ لکھنؤ کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔

(iv) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

**10۔** درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے سو (100) الفاظ میں جواب لکھیے۔ *15*

(i) جاں نثار اخترؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھیے۔

(ii) سرسیّد تحریک کی ادبی خدمات تحریر کیجیے۔

(iii) ترقی پسند تحریک پر ایک نوٹ لکھیے۔

(iv) احمد جمال پاشا کی خاکہ نگاری کی خصوصیات لکھیے۔

**11۔** درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھیے۔ 5

(i) اُما کانت کس افسانے کا کِردار ہے ؟

(a) فوٹو گرافر

(b) لمحے

(c) بجوکا

(ii) 'زرد پتّوں کی بہار' کس کا سفرنامہ ہے؟۔

(a) سجاد ظہیر

(b) رام لعل

(c) کرشن چندر

(iii) 'وقت کا ترانہ' صنف کے اعتبار سے کیا ہے؟

(a) مرثیہ

(b) رباعی

(c) طویل نظم

(iv) نظم ''ارتقا'' کے شاعر کا نام ہے ؟

(a) ن۔م۔راشد

(b) نظم طباطبائی

(c) جمیل مظہری

(v) 'سکون کی نیند' کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

(a) مختصر افسانہ

(b) ناول

(c) سوانح